Securities and Exchange Commission of Pakistan

Press Release

July 16, 2018
For immediate release

انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز کا ڈیٹابینک آپریشنل ہوگیا

اسلام آباد (جولائی 16) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس نے انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز کا ڈیٹابینک آپریشنل کر دیا ہے۔

ایک کمپنی کے بورڈ پر موجود انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز، کمپنی میں گورننس اور کارکردگی کو بہتر بنانے اور بورڈ کے مستعد کردار کے لئے اہم ہوتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق ایک کمپنی کے بورڈ پر مقرر کئے جانے والے انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز چاہے کسی بھی قانون، قوائد وضوابط کے تحت تعینات کئے جائیں، ان کا انتخاب ایک منظور شدہ ڈیٹابینک سے کیا جائے گا جسے ایس ای سی پی سے منظور شدہ کوئی ادارہ ترتیب دے گا۔

کمپنیز ایکٹ کے تحت، ایس ای سی پی نے اہلیت رکھنے والے افراد جن کو کمپنی میں انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز مقرر کیا جا سکتا ہے، کا رجسٹر ڈ ترتیب دینے کی ذمہ داری پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کو سونپی تھی۔ اس سلسلے میں ایس ای سی پی نے کمپنیز کے انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز کے انتخاب اور تعیناتی کے طریقہ کار کے لئے ریگولیشنز بھی جاری کئے ہیں جن میں اس ڈیٹابینک میں شامل کئے جانے والے افراد کی اہلیت اور ڈیٹابینک میں شمولیت کی تفصیلات دیں گئیں ہیں۔

پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کا انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز کا ڈیٹابینک اب مکمل طور پر آپریشنل ہے۔ ایسے تمام افراد جنہوں نے ایس ای سی پی کے منظور شدہ کسی بھی انسٹی ٹیوٹ سے ڈائریکٹرز کے تربیتی پروگرام کا کورس مکمل کیا ہے یا ایسے افراد جنہوں نے ڈائریکٹرز ٹریننگ پروگرام سے استثنا حاصل کر رکھا ہو، انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز کے ڈیٹابینک میں شمولیت کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ ڈیٹابینک میں شامل ہونے کے لئے درخواست گزار کو ایک بار معمولی سی رجسٹریشن فیس ادا کرنا ہوگی۔ رجسٹریشن کے لئے پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کی ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن درخواستیں بھی دی جا سکتی ہیں۔

کمپنیاں جو اپنے بورڈ پر انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز تعینات کرنا چاہتی ہوں پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے ڈیٹابینک میں رجسٹر ہو سکتیں ہیں اور سالانہ فیس ادا کر کے انڈی پینڈینٹ ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک تک رسائی حاصل کر سکتی ہیں۔